**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# مختلف بار کونسلز اور بار ایسوسی ایشنز کی جانب سے چیف الیکشن کمشنر کے حوالے سے جاری کئے گئے اعلامیوں کا معاملہ

20 دسمبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کا انتخاب کو التوا کا شکار کرنے کی کسی بھی براہِ راست یا بالواسطہ کوشش سے گریز کی ضرورت پر زور
- بار کونسلز اور بار ایسوسی ایشنز کے اعلامیوں کے بیشتر مندرجات چیف الیکشن کمشنر کے حوالے سے تحریک انصاف کے مؤقف کی تائید و توثیق کرتے ہیں۔
- تحریک انصاف گزشتہ 4 برس سے بالعموم جبکہ پچھلے دو سالوں سے بالخصوص چیف الیکشن کمشنر کے فیصلوں میں پائے جانے والے غیر آئینی و غیر قانونی رجحانات کی نشاندہی کر رہی ہے۔
- الیکشن کمیشن آف پاکستان میں اراکین کی تعیناتیوں سے لیکر چیف الیکشن کمشنر کی متعصّبانہ سوچ، غیر شفاف کردار اور کمیشن کے امتیازی اقدامات پر تحریک انصاف کا مؤقف بالکل واضح اور غیر مبہم رہا ہے۔
- چیف الیکشن کمشنر کیخلاف سپریم جیوڈیشل کونسل میں سینیٹر اعجاز احمد چودھری کا زیرِ التوا ریفرنس ان کے خلاف تحریک انصاف کے مؤقف کی کھلی دلیل ہے۔
- پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد دونوں صوبوں میں آئینی مدت میں انتخابات سے گریز کی تحریک انصاف شدید ترین ناقد رہی ہے۔

- نوّے روز کی دستوری مدت میں قومی انتخابات کے انعقاد سے گریز کی الیکشن کمیشن کی حکمتِ عملی کی مزاحمت میں بھی تحریک انصاف پیش پیش رہی ہے۔
- ان 20 ماہ کے دوران تحریک انصاف وکلاء تنظیموں اور کونسلز کو الیکشن کمیشن کے غیر دستوری، غیر قانونی اور غیر جمہوری ایجنڈے کیخلاف مزاحمت کی دعوت دیتی رہی۔
- الیکشن کمیشن آف پاکستان خصوصاً چیف الیکشن کمشنر کے متعصّبانہ کردار کی پوری تاریخ کے باوجود تحریک انصاف انتخابات کے 8 فروری کے بعد ایک روز کی تاخیر کی بھی قائل نہیں۔
- ملک و قوم کا مفاد انتخابات کے فوری، آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انعقاد میں پوشیدہ ہے، جو موجوہ چیف الیکشن کمشنر کے اپنے منصب پر بیٹھے رہنے میں نظر نہیں آتا۔
- سول سوسائٹی خصوصاً وکلاء تنظیمیں 8 فروری کو ہونے والے انتخابات کے صاف شفاف انعقاد کے بنیادی ہدف کے حصول پر اپنی توانائیاں مرکوز کریں۔
- چیف الیکشن کمشنر دستور سے انحراف کی راہ ترک کرکے اپنے آئینی فرض کی انجام دہی یقینی بنائیں اور صاف شفاف انتخابات کے ذریعے کمیشن کے دامن پر لگے دھبّوں کی صفائی کا اہتمام کریں۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ